فوری ریلیز کے لیے: 2026/25/8 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL اور اٹارنی جنرل JAMES نے 287(G) پابندی کو چیلنج کرنے والے مقدمے سے متعلق بیان جاری کیا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور نیو یارک کی اٹارنی جنرل Letitia James (لیٹیشیا جیمز) نے آج 15 کاؤنٹی شیرفس کی جانب سے امریکی امیگریشن اور کسٹمز انفورسمنٹ (U.S. Immigration and Customs Enforcement, ICE) کے ساتھ 287(g) معاہدوں پر مقامی پولیس، مقامی جرائم ایکٹ کی پابندی کو چیلنج کرنے کے لیے مقدمہ دائر کیے جانے کے بعد درج ذیل بیان جاری کیا:

"جیسا کہ ہم نے ابتدا ہی سے کہا ہے، 'مقامی پولیس، مقامی جرائم ایکٹ' اس بات کو یقینی بنا کر نیو یارک کے باشندوں کو محفوظ رکھتا ہے کہ عوامی تحفظ کے وسائل ہماری کمیونٹیز میں جرائم سے نمٹنے کے لیے استعمال ہوں، نہ کہ ICE کا کام انجام دینے کے لیے۔ وفاقی حکومت کا دعویٰ ہے کہ وہ 'بدترین میں سے بدترین' افراد کے خلاف کارروائی کر رہی ہے لیکن ہر امریکی حقیقت دیکھ چکا ہے: ICE اندھا دھند چھاپوں کے ذریعے کمیونٹیز اور فیملیز میں خوف و ہراس پھیلا رہی ہے، لوگوں کے مجرمانہ ریکارڈ سے قطع نظر انہیں حراست میں لے رہی ہے اور انتظامیہ کے بڑے پیمانے پر ملک بدری کے ایجنڈے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو استعمال کر رہی ہے۔

ان معاہدوں کے حامل 12 اداروں میں سے بہت سے اداروں نے بغیر کسی مسئلے کے اس کی تعمیل کی ہے اور نیو یارک کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری اکثریت پہلے ہی ICE کے ساتھ کسی تعاون کے بغیر کامیابی سے اپنی کمیونٹیز کا تحفظ کر رہی تھی۔ یہ دعویٰ کہ یہ شیرفس ایسا نہیں کر سکتے، قانون کی نسبت خود اُن کے بارے میں زیادہ کچھ ظاہر کرتا ہے۔

یہ مقدمہ محض ٹیکس دہندگان کے پیسے کا ایک بے بنیاد ضیاع ہے۔ عدالتیں پہلے ہی ایک بار اس قانون کو روکنے سے انکار کر چکی ہیں اور ہمیں یقین ہے کہ وہ دوبارہ بھی ایسا ہی کریں گی۔ اس دوران، ہم توقع کرتے ہیں کہ نیو یارک میں قانون نافذ کرنے والے تمام ادارے ریاستی قانون کی پاسداری کریں گے۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔